# خدمت خلق

غریبوں، ضرورت مندوں اور محتاجوں کی دادرسی اور خدمت جماعت کا امتیازی وصف

## وابستگان اور مقامی جماعتوں کے ذریعے کی گئی سرگرمیاں:

- سرکاری وغیر سرکاری اسکیموں سے واقفیت استفادہ کنندگان: 158
- سرکاری وغیر سرکاری اسکیموں سے استفادہ کنندگان: 2530
- وقتی امداد: 127 افراد
- مستقل وظائف: 235 افراد
- مستقل روزگار: 36 افراد
- طبی امداد: 139 افراد
- تعلیمی امداد: 28 افراد
- شادی کے موقع پر امداد: 33 افراد
- ہنگامی ریلیف: 13 افراد

- یتیموں و معذوروں کی امداد: 93
- میٹرنیٹی ہاسپٹل: 1 (استفادہ کنندگان 711)
- ڈسپنسری/کلینک: 11 (استفادہ کنندگان 38309)
- ایمبولینس: 1 (استفادہ کنندگان 65)
- طبی کیمپ: 2 (استفادہ کنندگان 370)
- بلڈ ڈونیشن کیمپ: 2 (استفادہ دہندگان 41)
- بلاسودی سوسائٹی: 14 (استفادہ کنندگان 76)
- سلائی سینٹر: 6 (استفادہ کنندگان 14)

## میڈیکل گائیڈنس سینٹر:

شعبہ کے تحت قائم 4 رمیڈیکل گائیڈنس سینٹرس (ممبئی، پونہ، اورنگ آباد، ناگپور) سے اس سہ ماہی میں 1108 رمریضوں کی رہنمائی کی گئی۔ 70 رمریضوں کے بائی پاس سرجری، کینسر، کڈنی ٹرانسپلانٹ و دیگر مہلک امراض کے لیے -/30,13,030 روپے حکومتی اسکیمات و دیگر اداروں سے فراہم کر کے مکمل علاج کروایا گیا۔ چاروں مقامات کے متعدد ہاسپٹلس میں 721 رمریضوں کی عیادت کی گئی۔ دفتر حلقہ سے میڈیکل گائیڈنس سینٹرس کے ذریعہ مریضوں کو بطور فوری طبی امداد -/2,77,032 روپے دیئے گئے۔ سینٹرس کے ذریعہ 07 رضرورت مند مریضوں کو خون کا عطیہ دلایا گیا اور ڈاکٹرس سے ملاقاتیں کی گئیں۔

## تعلیمی امداد:

دفتر حلقہ سے 07 رطلباء و طالبات کو -/31,500 روپے تعلیمی امداد دی گئی، طلباء کو مائناریٹی اسکالرشپس اور دیگر اداروں سے تعلیمی امداد کے لئے رہنمائی کی گئی۔

## مائیکرو فائنانس (بلاسودی سوسائٹیز):



مہاراشٹر حکومت نے کوآپریٹیو کریڈٹ سوسائٹیز کے رجسٹریشن شروع کئے ہیں۔

- لاتور میں ''یونٹی اربن کریڈٹ کوآپریٹیو سوسائٹی لاتور'' کا 27 رمارچ 2015 کو رجسٹریشن ہو چکا ہے۔ جلد ہی افتتاح عمل میں آئیگا۔
- درج ذیل اضلاع میں سوسائٹیز کے رجسٹریشن کی کوششیں جاری ہیں:
  - ☆ الخیر اربن کوآپریٹیو کریڈٹ سوسائٹی، پمپری چنچوڑ، پونہ۔
  - ☆ امداد اربن کوآپریٹیو کریڈٹ سوسائٹی، ممبئی میٹرو۔
- حلقہ میں بلاسودی سوسائٹیز 14 رمقامات پر قائم ہیں ان میں سے 3 کی کارکردگی اس طرح رہی:

☆ راحت ناگری سہکاری پت سنستھا، عثمان آباد

تعداد مستفدین ______ 99

بطورِ قرض دی گئی رقم ______ -/13,90,000

☆ الخیر بیت المال ناگری سہکاری پت سنستھا، اورنگ آباد۔

تعداد مستفدین ______ 196

بطورِ قرض دی گئی رقم ______ -/5419000

☆ الخیر بیت المال ناگری سہکاری پت سنستھا، امباجوگائی۔

تعداد مستفدین ______ 98

بطورِ قرض دی گئی رقم ______ -/25,33,741

## اسکالر شپس کیلئے حکومتی سہولتوں کو عام کرنے اور سود کی آمیزش کو ختم کرنے سے متعلق کوششیں:

دفتر شعبہ سے 09 رطلباء و طالبات کو اسکالرشپ سے متعلق مائناریٹی اسکالرشپس کی معلومات فراہم کی گئی۔

## مکانات کی تعمیر و درستی:



- مکانات کی تعمیر و درستی سے متعلق دوروں کے موقع پر حکومتی اسکیمات سے واقف کروایا گیا۔ مقامی جماعتیں مستحق افراد کو مکانات کی تعمیر و درستی کیلئے امداد کر رہی ہیں۔ شعبہ کے تحت 02 مستحق افراد کو -/22,500 روپے کی مدد کی گئی۔
- ایک بیوہ خاتون کو سلائی مشین (-/4200 روپے) دلا کر روزگار سے لگایا گیا۔
- 02 ضرورت مند مستحق افراد کو -/8000 روپے کی امداد کی گئی۔

## چیریٹیبل ڈسپنسریز :

مہاراشٹر میں 11 رمقامات پر چیریٹیبل کلینکس قائم ہیں۔ دیگر مقامات پر قیام کے سلسلے میں کوششیں جاری ہیں۔

- شاہین پالی کلینک، خسرو نگر ناندیڑ۔
- شاہین پالی کلینک، چوپالا ناندیڑ۔
- خدمت دواخانہ، جالنہ۔
- اَلشفاء چیریٹیبل کلینک، ناگپور مغرب۔
- ہومیو پیتھک ڈسپنسری، کرلا۔
- الشفاء کلینک، پربھنی
- شاہین پالی کلینک، نئی آبادی ناندیڑ۔
- شاہین پالی کلینک، فاروق نگر ناندیڑ۔
- خدمت کلینک، اورنگ آباد۔
- چیریٹیبل ڈسپنسری، سانتا کروز۔
- چیریٹیبل کلینک، ناسک۔
















### ڈائیگنوسٹک سینٹرس :

حلقہ مہاراشٹر میں درج ذیل 2 شہروں میں مریضوں کی خدمت کی جارہی ہے :

- فلاح عام ڈائیگنوسٹک سینٹر، کلیان
- فلاح عام ڈائیگنوسٹک سینٹر، بھیونڈی

ان ڈائیگنوسٹک سینٹر سے دورانِ مدت کم وبیش 3700 مریضوں نے استفادہ کیا۔

### نندوربار فرقہ وارانہ فساد سے متاثرین کی امداد :

شہر نندوربار میں 4/فروری 2015 کی شام سے فرقہ وارانہ فساد پھوٹ پڑا۔ وی ایچ پی اور بجرنگ دل کے کاریہ کرتاؤں نے گائے کے ذبیحہ وغیرہ کے مسئلہ پر لوکل ٹی وی چینلس پر شرانگیز بیانات دیے، پروگرام کیے اور ریلی نکالی جسکی وجہ سے شہر میں تناؤ بڑھ گیا۔ پوری منصوبہ بندی کے ساتھ مسلمانوں کی دکانوں اور مکانات پر پتھراؤ کیا۔ تقریباً 15 دکانیں ومکانات جلادیے گئے اور 13/گھروں پر پتھراؤ کی وجہ سے ٹین کی چھت اور دروازے ٹوٹ گئے۔ بلوائیوں نے کئی مکانوں میں گھس کر پورا ساز وسامان لوٹ لیا۔ پولس کو احتیاطاً اطلاع بھی دی گئی تھی لیکن کوئی ایکشن انتظامیہ کی طرف سے نہیں ہوا اور مسلمانوں کا کافی مالی نقصان ہوا۔

4/فروری کی رات میں کرفیو نافذ کردیا گیا۔ کرفیو ختم ہوتے ہی ناظم علاقہ ناسک 8/فروری کو نندوربار پہنچے مقامی رفقاء کے ساتھ شہر کا جائزہ لیا۔ متاثرہ افراد سے ملاقاتیں اور مکان ودکانوں کا سروے کیا اور ملی تنظیموں (جمعیۃ العلماء، مقامی الپ سنکھیاک اور مجلس اتحادالمسلمین) کے ذمہ داران کی مشترکہ میٹنگ میں شرکت کی۔ 6/فروری گورنر آف مہاراشٹر، وزیر اعلیٰ مہاراشٹر، ڈی جی پی مہاراشٹر، نیشنل واسٹیٹ ہیومن رائٹس کمیشن اور نیشنل واسٹیٹ مائناریٹی کمیشن کو گرفتار شدگان کی ضمانت، بے جا گرفتاریاں روکنے اور خاطیوں پر سخت کارروائی کرنے سے متعلق میمورنڈم روانہ کیے، اس ضمن میں وزیر اعلیٰ سے ملاقات کے لیے وقت لیا گیا لیکن ملاقات نہ ہوسکی۔ 10/فروری کو مظہر فاروق (سکریٹری خدمت خلق) اور محترم اسلم غازی صاحب (کوآرڈینیٹر اے پی سی آر) نے دورہ کیا۔ مقامی رفقاء کی نشست لی اور ملی تنظیموں کے ذمہ داران وعمائدین سے ملاقات کرکے حالات کا جائزہ لیا۔ بعدازاں ضلع پولس سپرنٹنڈنٹ (ایس پی) اور ڈپٹی کلکٹر سے ملاقاتیں کرکے انہیں میمورنڈم دے کر لوگوں کی ایف آئی آر درج کرنے، معصوم اور بے گناہ افراد کی گرفتاری فوراً روکنے، گرفتار شدہ بے گناہوں کو رہا کرنے یا ضمانت پر چھوڑنے، عوام میں پولس کے تئیں موجود خوف دور کرنے اور نقصان کا درست پنچ نامہ کرنے کے مطالبات کیے۔ مقامی عمائدین اور دیگر ذمہ داران کی میٹنگ میں حالات پر صبر وتحمل سے صرف ایف آئی آر اور نقصانات کا درست پنچ نامہ درج کروانے اور دیگر قانونی چارہ جوئی کرنے پر اتفاق رائے ہوا۔ درج بالا جماعتوں کے ساتھ نشست میں طے کیا گیا کہ گرفتار شدگان کی ضمانت کیلئے مشترکہ طور پر قانونی چارہ جوئی کی جائے گی اور 3/وکلاء کو ذمہ داری بھی دی گئی لیکن ممکن نہ ہوسکا۔ 11/فروری کو مقامی رفقاء کے سروے کے مطابق 30/متاثرہ فیملیز کو -/30,000 روپے کا راشن (23.5 کلو کی راشن کِٹ) تقسیم کیا گیا اور 15 متاثرہ افراد جن کے گھر دکان جلادیے گئے یا لوٹ لیے گئے ان کو -/43,000/روپے اس طرح جملہ -/73000/روپئے بطور فوری امداد دیے گئے۔















**دورے، کیمپ و میٹنگس:**

- سکریٹری شعبہ نے 31رجنوری 2015 کو IRW والنٹیرس کی ٹریننگ کے لیے یشدا کیمپس (YASHADA) پونہ میں شعبہ ڈیزاسٹر منجمنٹ (Disaster Managment) کے ذمہ داران سے میٹنگ کی جس میں کمیٹی ممبرس بھی شریک رہے۔
- سکریٹری شعبہ نے 10-11رفروری 2015 کو نندوربار کا دورہ کیا۔
- 28رفروری 2015 کو مع معاون سکریٹری، ارحم ہاسپٹل اور شاہین پالی کلینکس کے جائزہ کے لئے ناندیڑ کا دورہ کیا۔
- 10رمارچ 2015 کو IRW Camp کے ضمن میں شعبہ کمیٹی ممبرس و دیگر رفقاء کی نشست دفتر حلقہ میں منعقد کی گئی۔

## ایام فراغت و خطوط:

- اس سہ ماہ میں سکریٹری شعبہ خدمت خلق نے دورے، کیمپ دفتر کے لئے 70/یوم فارغ کیے۔
- اس سہ ماہ میں شعبہ کمیٹی ممبران نے دورے، کیمپ ومیٹنگ کے لئے 06/یوم فارغ کیے۔
- ممبئی، پونہ، اورنگ آباد اور ناگپور میں قائم میڈیکل گائیڈینس سینٹرس کے 5 ہمہ وقتی فارغ میڈیکل فیلڈ ورکرس نے 289/یوم مریضوں کی رہنمائی ومدد کے لیے فارغ کیے۔
- دوران مدت شعبہ کی جانب سے 02 سرکلر اور 01 مراسلہ جاری کیا گیا۔












